سوال

(507)قربانی کے جانور کی شرائط کیا ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قربانی کے جانور کی شرائط کیا ہیں؟ (ابوطاہر نذیر احمد، عبدالرشید۔ کراچی) (۲۳فروری ۲۰۰۱ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قربانی میں کسی بھی انداز کا عیب دار جانور ذبح نہیں کرنا چاہیے، کانا، لنگڑا، سینگ ٹوٹا، کان کٹا، بیمار اور بہت کمزور جانور، قربانی کے لیے جائز نہیں۔ (سنن ابی داؤد،بابُ مَا یُکرَہُ مِن الضَّحَایَا، رقم:۲۸۰۲)

بھیڑ کی قربانی ''جذع'' سے کم عمر کی نہیںوتی، جذع بھیڑ کا وہ بچہ جو ایک سال کا ہو اس کے علاوہ بکری، گائے اور اونٹ میں مسنہ یا ثنی میں دو دانت والا ہونا ضروری ہے۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو فتاویٰ اہل حدیث:۴۱۹/۲، شیخنا محدث روپڑی رحمہ اللہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الصوم:صفحہ:382

محدث فتویٰ